## نوشہروفیروز میں محراب پور کے قریب کراچی ایکسپریس کو پیش آنیوالے اندوہناک حادثے میں
## درجنوں افراد کے جاں بحق ہونے پر الطاف حسین کا دلی اظہار افسوس
## ایم کیوایم کے کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار اندوہناک حادثے سے متاثرہ افراد کی
## جانیں بچانے اور دیگر امدادی کارروائیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔19 دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سندھ کے ضلع نوشہروفیروز میں محراب پور کے قریب کراچی سے لاہور جانے والی کراچی ایکسپریس کو پیش آنیوالے اندوہناک حادثے میں درجنوں افراد کے جاں بحق ہونے پر دلی افسوس اور گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ حادثہ ایک بڑا سانحہ ہے جس پر ہر فرد کو دکھ ہے۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے کارکنوں اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں سے کہا کہ وہ ٹرین کے اس اندوہناک حادثے سے متاثرہ افراد کی جانیں بچانے اور دیگر امدادی کارروائیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔جناب الطاف حسین نے حادثے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے افراد کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے اور زخمیوں کو صحتیاب کرے۔

## محراب پور کے قریب کراچی ایکسپریس کا اندوہناک حادثہ
## ایم کیوایم نوشہروفیروز زون کے کارکنوں اور عہدیداروں نے امدادی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا
## سو سے زائد کارکنان فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچ گئے اور بوگیوں سے لاشیں اور زخمیوں کو نکالنے کا کام شروع کیا
## زخمیوں اور انکے اہل خانہ کی امداد کیلئے ایم کیوایم نوشہروفیروز زون کی جانب سے محراب پور
## اسپتال اور ریلوے اسٹیشن پر ہنگامی بنیاد پر امدادی کیمپ قائم کر دیا گیا۔متاثرین کو امدادی اشیاء کی فراہمی

نوشہروفیروز۔۔۔۔19 دسمبر 2007ء

نوشہروفیروز میں محراب پور کے قریب کراچی سے لاہور جانے والی کراچی ایکسپریس کو رات تین بجے پیش آنیوالے اندوہناک حادثے کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم نوشہروفیروز زون جوائنٹ زونل انچارج سکندر علی سیال،زونل کمیٹی کے دیگر ارکان،ایم کیوایم محراب پور کے سیکٹر انچارج ،دیگر ذمہ داران اور سو سے زائد کارکنان ٹریکٹر اور ٹرالیاں لیکر فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچ گئے اور سخت اندھیرے اور شدید سردی کے باوجود حادثے کا شکار ہونے والی ٹرین کی بوگیوں سے لاشیں اور زخمیوں کو نکالنے کا کام شروع کر دیا۔ایک گھنٹہ بعد پاک فوج کی امدادی ٹیمیں اور انتظامیہ کے اہلکار بھی جائے حادثہ پر پہنچ گئے۔خوفناک حادثے کی وجہ سے ٹرین کی بوگیاں آپس میں ایک دوسرے میں بری طرح پھنس چکی تھیں جس کی وجہ سے زخمی مسافروں کو نکالنے میں شدید دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا۔ایم کیوایم کے کارکنوں نے دیگر شہریوں اور انتظامیہ کے ساتھ ملکر حادثے میں جاں بحق ہونے والے افراد کی لاشوں اور زخمیوں کو محراب پور اسپتال پہنچایا اور امدادی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔اس کے علاوہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار اور ایم کیوایم کے کارکنوں نے محراب پور اسپتال میں زخمیوں کو طبی امداد کی فراہمی میں بھی اسپتال کی انتظامیہ کی مدد کی۔حادثے کے زخمیوں اور انکے اہل خانہ کی امداد کیلئے ایم کیوایم نوشہروفیروز زون کی جانب سے محراب پور اسپتال میں فوری طور پر امدادی کیمپ قائم کر دیا گیا۔اس کے علاوہ اندوہناک حادثے میں بچ جانے والے مسافروں کو عارضی قیام کیلئے محراب پور اسٹیشن پہنچایا گیا۔یہاں بھی ایم کیوایم نوشہروفیروز زون کی جانب سے ہنگامی بنیادوں پر ایک امدادی کیمپ قائم کر دیا گیا جہاں متاثرہ ٹرین کے مسافروں کیلئے فوری طور پر پانی، چائے اور ناشتہ کا انتظام کیا گیا۔زخمیوں کی بڑی تعداد ہونے اور محراب پور اسپتال میں گنجائش نہ ہونے کے باعث بیشتر زخمیوں کو کنڈیارو اسپتال منتقل کر دیا گیا۔شدید سرد موسم کے باوجود نوشہروفیروز، محراب پور اور گردونواح کے علاقوں سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے کارکنوں کی بڑی تعداد جائے حادثہ سے زخمیوں کو اسپتال پہنچانے ،انہیں طبی امداد فراہم کرنے اور محراب پور ریلوے اسٹیشن پر ٹرین کے دیگر مسافروں کی ہر ممکن امداد کرنے میں تاحال مصروف ہے۔

## گل جی کے قاتلوں کو گرفتار کر کے سخت ترین سزا دی جائے، الطاف حسین

## گل جی کے قتل سے دنیائے فن میں پیدا ہونے والا خلاء برسوں تک پر نہیں ہو سکے گا

لندن۔۔۔19 دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ممتاز مصور اسماعیل گل جی، ان کی اہلیہ اور ملازمہ کے قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ گل جی ایک بزرگ، شریف النفس، ملنسار، انسان دوست اور بلند پایہ مصور تھے جو اپنے منفرد فن کی بدولت نہ صرف دنیائے فن میں نمایاں مقام رکھتے تھے بلکہ مقبول عام بھی تھے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اپنے فن کی بدولت پاکستان کا نام روشن کرنے والے گل جی اور ان کی اہلیہ کو ملازمہ سمیت قتل کرنے والے عناصر کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہو سکتے۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت پرویز مشرف، نگراں وزیر اعظم محمد میاں سومرو، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور نگراں وزیر اعلیٰ سندھ عبدالقادر ہالیپوٹہ سے مطالبہ کیا کہ ممتاز مصور گل جی، ان کی اہلیہ اور ملازمہ کے قتل کی واردات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور قاتلوں کو گرفتار کر کے سخت ترین سزا دی جائے۔ جناب الطاف حسین نے گل جی کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے ممتاز و بلند پایہ مصور گل جی کے قتل سے دنیائے فن میں پیدا ہونے والا خلاء برسوں تک پر نہیں ہو سکے گا۔ جناب الطاف حسین نے مقتولین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ گل جی، ان کی اہلیہ اور ملازمہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ (آمین)

## اٹارنی جنرل جسٹس عبدالقیوم کی ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں الطاف حسین سے ملاقات

## ڈھائی گھنٹہ تک جاری ملاقات میں ملکی و بین الاقوامی صورتحال اور آئندہ عام انتخابات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

## متحدہ قومی موومنٹ ایک بہت منظّم جماعت ہے جس میں احتساب کا عمل بھی ہوتا ہے، جسٹس عبدالقیوم

## صحیح جمہوریت کے فروغ کیلئے آزاد و خود مختار عدلیہ اور آزادی صحافت کا ہونا بھی بہت ضروری ہے، الطاف حسین

لندن۔۔۔19 دسمبر 2007ء

پاکستان کے اٹارنی جنرل جسٹس عبدالقیوم نے گزشتہ روز متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ملاقات کی۔ ملاقات تقریباً ڈھائی گھنٹہ تک جاری رہی جس میں ملکی و بین الاقوامی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ خاص طور پر 8، جنوری 2008ء کو ہونے والے عام انتخابات پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ متحدہ قومی وموومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اس موقع پر کہا کہ 8، جنوری کو ہونے والے انتخابات کو ہر ممکن طور پر منصفانہ، آزادانہ اور شفاف بنانے کا یقینی عمل ملک اور ملک کے عوام اور جمہوریت کے فروغ کیلئے ضروری ہے۔ اٹارنی جنرل جسٹس عبدالقیوم نے بتایا کہ میری معلومات کے مطابق حکومت ہر سطح پر انتخابات کو آزادانہ، منصفانہ اور شفاف بنانے کی نہ صرف ہر ممکن کوشش کر رہی ہے بلکہ اس کے لئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات بھی کر رہی ہے۔ جناب الطاف حسین نے ایک سوال کے جواب میں ملک عبدالقیوم کو بتایا کہ ایم کیو ایم پورے ملک سے وفاقی وصوبائی دونوں سطح پر انتخابات میں حصہ لے رہی ہے۔ اس موقع پر جسٹس عبدالقیوم نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ایک بہت منظّم جماعت ہے جس میں احتساب کا عمل بھی ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میری یادداشت کے مطابق اس احتسابی عمل کے نتیجہ میں ایم کیو ایم نے اپنے کئی منتخب نمائندوں کی غیر معیاری کارکردگی پر انہیں ان کے عہدوں سے ہٹایا اور دوبارہ انتخابات کے خطرہ کی پرواہ کئے بغیر انصاف کی بنیاد پر ایکشن لیا۔ ایک اور سوال کے جواب میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک میں صحیح جمہوریت کے فروغ کیلئے آزاد و خود مختار عدلیہ اور آزادی صحافت کا ہونا بھی بہت ضروری ہے۔ آخر میں جناب الطاف حسین نے جسٹس عبدالقیوم کو اٹارنی جنرل آف پاکستان کے عہدے پر فائز ہونے پر مبارکباد پیش کی۔

## پتوکی میں کمسن طالبعلموں سمیت متعدد افراد کی ہلاکت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔19دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ پنجاب کے علاقے پتوکی کے ٹرالر اور رکشہ کے تصادم میں کمسن طالبعلموں سمیت متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے کے واقعہ پر گہرے افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے اس افسوسناک واقعہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیو ایم اقتدار کے بجائے ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے جدوجہد کررہی ہے
## کراچی کے مختلف علاقوں میں کارنر میٹنگوں سے حق پرست امیدواران کا خطابات

کراچی۔۔۔19،دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدواران برائے قومی وصوبائی اسمبلی نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کی واحد جماعت ہے جو اقتدار کے حصول کے بجائے عوامی مسائل کے حل اور ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کی مسلسل تبلیغ اوردرس کے باعث عوام میں تیزی سے شعوری بیداری پھیل رہی ہے اور انشاءاللہ آئندہ عام انتخابات میں ملک بھر کے عوام غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں گے۔یہ بات انہوں نے منگل کے روز اپنے اپنے انتخابی حلقوں میں کارنر میٹنگوں،عوامی رابطہ مہم اور دیگر انتخابی تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔حق پرست امیدوار برائے NA-249 ڈاکٹر فاروق ستار اور حق پرست امیدوار برائے پی ایس 110 شعیب ابراہیم نے میٹھادر،محمد شاہ اسٹریٹ، ملت نگر، نذیر حسین روڈ اور رنچھوڑ لائن میں جبکہ حق پرست امیدوار برائے این اے 242 عبدالقادر خانزادہ،حق پرست امیدوار برائے پی ایس 95 منظر امام نے مہاجر چوک اورنگی ٹاؤن سیکٹر ساڑھے گیارہ میں، حق پرست امیدوار برائے این اے 245 فرحت خان،حق پرست امیدواران برائے پی ایس 103 ڈاکٹر محمد علی شاہ،اور پی ایس 101 عبدالمعید فاروقی نے نارتھ ناظم آباد بلاک آئی میں،حق پرست امیدوار برائے این اے 250 محترمہ خوش بخت شجاعت،حق پرست امیدوار برائے پی ایس 112 مقیم عالم نے رتن تلاؤ،شاہ رسول کالونی،ہزارہ وال گذری کالونی میں حق پرست امیدوار برائے این اے 245 فرحت خان،اور پی ایس 101 عبدالمعید خان نے خدیجہ مارکیٹ، نارتھ ناظم آباد بلاک ڈی،اشرف نگر، موسیٰ نگر، پاپوش نگر میں،حق پرست امیدوار برائے این اے 240 خواجہ سہیل اور حق پرست امیدوار برائے پی ایس 92 عبدالحسیب نے ہارون آباد میں کارنر میٹنگ سے خطاب کیا۔اسی طرح حق پرست امیدوار برائے پی ایس 116 سید سردار احمد، نے پی آئی بی کالونی،عیسیٰ نگری،گلشن اقبال،کتیانہ پلازہ،داؤدا پارٹمنٹ، مدیحہ پیلس،صائمہ اسکوائر اور شرف آباد کلب میں جبکہ حق پرست امیدوار برائے این اے 246 سفیان یوسف،حق پرست امیدوار برائے پی ایس 106،انور عالم اور حق پرست امیدوار برائے پی ایس 105 خالد بن ولایت نے بخشی اسکوائر بلاک 7 فیڈرل بی ایریا میں،حق پرست امیدوار برائے این اے 257 ساجد احمد اور حق پرست امیدوار برائے پی ایس 121 وسیم احمد نے اپنے اپنے حلقہ انتخاب میں کارنر میٹنگوں اور دیگر انتخابی اجتماعات سے خطاب کیا۔اپنے خطاب میں ایم کیو ایم کے نامزد حق پرست امیدواران نے کہا کہ ایم کیو ایم کا منشور عوامی امنگوں کا ترجمان ہے اور ایم کیو ایم عوامی مسائل کے حل کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 8،جنوری کو ہونے والے عام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

## ایم کیوایم کے مقبول ترانے ''ساتھی'' کے وڈیو پریمیئر شو کے موقع پر رقت انگیز مناظر

کراچی۔۔۔19، دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ماس کمیونی کیشن اینڈ میڈیا منیجمنٹ ونگ کے زیراہتمام ایم کیوایم کے مقبول ترانے ''مظلوموں کا ساتھی ہے الطاف حسین'' کے وڈیو پریمیئر شو کے موقع پر انتہائی رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے۔ پریمئر کے دوران ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی کے دیگر ارکان اور شرکاء شدت جذبات سے بے قابو ہوگئے اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے۔ تقریب میں جب ڈاکٹر فاروق ستار کو اظہار خیال کی دعوت دی گئی تو وہ شدت جذبات کے باعث بمشکل اظہار خیال کرسکے۔ پریمیر شو کے موقع پر ایم کیوایم کے شہداء کے اہل خانہ بھی موجود تھے اس موقع پر شہداء کے اہل خانہ سمیت تقریب کے تمام شرکاء پر رقت طاری تھی۔ واضح رہے کہ ایم کیوایم کے شہید کارکن افروز کی ہمشیرہ محترمہ سلطانہ نے اس ویڈیو میں شہید کی ماں کا کردار ادا کیا ہے۔

## ایم کیوایم کے مقبول عام ترانہ ''مظلوموں کا ساتھی ہے الطاف حسین'' کا وڈیو پریمیر شو

## یہ وڈیو متحدہ قومی موومنٹ کی سیاسی تاریخ میں ایک سنگ میل ثابت ہوگی

## تقریب سے ڈاکٹر فاروق ستار، شیخ لیاقت حسین اور حیدر رضوی کا خطاب

کراچی۔۔۔19، دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے مقبول عام ترانہ'' مظلوموں کا ساتھی ہے الطاف حسین'' کا وڈیو پریمیر شو بدھ کے روز پریس کے ملاحظہ کیلئے خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں منعقد ہوا۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، شیخ لیاقت حسین، ایم کیوایم پاکستان کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، اراکین سید شعیب احمد بخاری، ڈاکٹر عاصم رضا، محترمہ خورشید افسر، آنسہ ممتاز انوار اور ماس کمیونی کیشن اینڈ میڈیا منیجمنٹ ونگ کے آرگنائزر حیدر عباس رضوی اور جوائنٹ آرگنائزر فیصل سبزواری کے علاوہ ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔ اس پریمیر شو کو صحافیوں کی ایک بڑی تعداد نے کور کیا۔ اس سلسلے میں ایم کیوایم کی ماس کمیونی کیشن اینڈ میڈیا منیجمنٹ ونگ نے خصوصی انتظامات کیے تھے اور دو بڑی ٹی وی اسکرین کے ذریعے سے اس وڈیو کی نمائش کی۔ اس موقع پر مذکورہ ترانے کی فلمبندی کے دوران مرکزی اور اہم کردار ادا کرنے والے فنکار بھی موجود تھے۔ وڈیو میں ''مظلوموں کا ساتھی ہے الطاف حسین'' کے ترانے کے پس منظر میں متحدہ قومی موومنٹ اور اس کے قائد جناب الطاف حسین کی جدوجہد، ریاستی تشدد، شہداء کی قربانیوں اور حق پرست عوامی نمائندوں کے تحت ترقیاتی منصوبوں سمیت دیگر ادوار پر مشتمل طویل تاریخ کا احاطہ کیا گیا ہے۔ بعدازاں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار، شیخ لیاقت حسین اور حیدر عباس رضوی نے کہا کہ یہ وڈیو متحدہ قومی موومنٹ کی سیاسی تاریخ میں ایک سنگ میل ثابت ہوگی جس میں ایم کیوایم کی تحریکی جدوجہد پر مبنی تاریخ کو سمیٹ کر کوزہ میں بند کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وڈیو نے ہمارے عزم اور حوصلوں کو مزید مضبوط کردیا ہے اور اس وڈیو سے معلوم ہوتا ہے کہ ایم کیوایم کی تحریک کن کن کٹھن حالات اور آزمائشوں سے گزری ہے۔ انہوں نے کہا کہ برصغیر کی تاریخ میں ایسی کوئی مثال موجود نہیں ہے کہ کسی سیاسی جماعت نے اپنے ترانے کی وڈیو تیار کی ہو۔

☆☆☆☆☆